
حیسکو پریس ریلیز مورخہ :09.10.2026

آپریشن سرکل حیدرآباد کی 15 سب ڈویژنوں، سرفراز، ٹنڈو جام، قاسم آباد، سٹیزن کالونی، حسین آباد، کوہسار، رضوی، حالی روڈ، علامہ اقبال، ٹنڈو الہیار ون، ٹنڈو الہیار ٹو، صدر، شہید امید علی، ہیرا آباد اور میراں محمد شاہ کی کارکردگی کو بہترین قرار دیتے ہوئے متعلقہ افسران کو شاباش دی گئی۔ اسی طرح حیدرآباد آپریشن سرکل کے چار ڈویژنوں، ٹنڈو الہیار، لطیف آباد-II، قاسم آباد اور گاڑی کھاتہ کی کارکردگی کو بھی سراہا گیا، جبکہ لطیف آباد-I ڈویژن کی کارکردگی میں آنے والی بہتری کو مثبت پیش رفت قرار دیا گیا۔ اچھی کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھا جائے اور تمام ڈویژنوں و سب ڈویژنوں میں مزید بہتری لائی جائے۔ بجلی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی کی جائے اور تمام صارفین سے بجلی چوری کا مکمل خاتمہ اور نادہندگان سے 100 فیصد ریکوری یقینی بنائی جائے، چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری کا میٹنگ کے دوران واضح ہدایت

حیدرآباد: (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری نے آپریشن سرکل حیدرآباد اور لاڑ کے افسران کو واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ بجلی چوری کا مکمل خاتمہ اور نادہندگان سے 100 فیصد ریکوری حیسکو انتظامیہ کی اولین ترجیحات ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے پورے حیسکو ریجن میں ڈسکوز سپورٹنگ یونٹ (DSU) کے تعاون سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں مزید تیز کر دی جائیں۔ تمام افسران بجلی چوری کے خاتمے، واجبات کی مکمل وصولی اور ادارے کی کارکردگی میں بہتری کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کریں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری کی زیر صدارت آپریشن سرکل لاڑ اور آپریشن سرکل حیدرآباد کے تمام ڈویژنوں اور سب ڈویژنوں کی ماہانہ کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس حیسکو ہیڈ کوارٹرز کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوئے۔ اجلاسوں میں بجلی چوری کے خلاف کارروائیوں، ریکوری کی صورتحال اور متعلقہ افسران کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ آپریشن سرکل حیدرآباد کی 15 سب ڈویژنوں، سرفراز، ٹنڈو جام، قاسم آباد، سٹیزن کالونی، حسین آباد، کوہسار، رضوی، حالی روڈ، علامہ اقبال، ٹنڈو الہیار ون، ٹنڈو الہیار ٹو، صدر، شہید امید علی، ہیرا آباد اور میراں محمد شاہ کی کارکردگی کو بہترین قرار دیتے ہوئے متعلقہ افسران کو شاباش دی گئی۔ اسی طرح حیدرآباد آپریشن سرکل کے چار ڈویژنوں، ٹنڈو الہیار، لطیف آباد-II، قاسم آباد اور گاڑی کھاتہ کی کارکردگی کو بھی سراہا گیا، جبکہ لطیف آباد-I ڈویژن کی کارکردگی میں آنے والی بہتری کو مثبت پیش رفت قرار دیا گیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے ہدایت کی کہ اچھی کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھا جائے اور تمام ڈویژنوں و سب ڈویژنوں میں مزید بہتری لائی جائے۔ بجلی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی کی جائے اور تمام صارفین سے بجلی کے بلوں اور واجبات کی صد فیصد وصولی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ فرائض میں غفلت اور ناقص کارکردگی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ میٹنگ کے دوران ڈی جی ایچ آر اینڈ ایڈمن شفیق احمد میمن، چیف (پلاننگ) رمیش کمار، ڈی جی میر اڈ عبدالماجد جتوئی، چیف انجینئرز ٹی اینڈ جی امیر احمد میمن، چیف کمرشل آفیسرز کی مختار، ڈی جی کمپیوٹر نادر علی خشک، پی ڈی کنسٹرکشن مقصود احمد کوریجو، مینیجر ایس اینڈ آئی منظور احمد مگسی، ریجنل منیجر (ایم اینڈ ٹی) حیدرآباد فہیم شیخ، انچارج کمپلینٹ سیل میڈم امبر شاہ، انچارج پی ڈی سی غلام سرور انڑ، ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ، ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن، ایکسین کنسٹرکشن فہیم اللہ میمن، مینیجر کمرشل اختر لطیف صدیقی، لائیزن آفیسر فراز اشرف اور وقار سلیم سمیت متعلقہ ایکسین، ایس ڈی اوز، ریونیو افسران، ڈی ڈی ٹی، ڈی سی ایم اور حیسکو ترجمان محمد صادق کبر موجود تھے۔





چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری حیسکو کانفرنس ہال میں میٹنگ کے دوران آپریشن سرکل حیدرآباد اور لاڑ کے افسران کو واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ بجلی چوری کا مکمل خاتمہ اور نادہندگان سے 100 فیصد ریکوری حیسکو انتظامیہ کی اولین ترجیحات ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے پورے حیسکو ریجن میں ڈسکوز سپورٹنگ یونٹ (DSU) کے تعاون سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں مزید تیز کر دی جائیں